© rasailojaraid.com



- نام کتاب: عفیفہ کائنات سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا
- مصنف: مولانا حکیم محمد ادریس فاروقی
- تخریج: ام حماس تیمیہ
- صفحات: 235 قیمت: 130
- ناشر: مسلم پبلیکیشنز سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ 0322-4044013
- تبصرہ نگار: محمد رمضان یوسف سلفی
- ملنے کا پتہ: مکتبہ دارالسلام غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور۔فون 042-7120054

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اسلام کی برگزیدہ خواتین میں اونچا مقام و مرتبہ اور عظمت حاصل ہے۔ان کے متعلق نبی علیہ السلام کا ارشادِ گرامی ہے کہ ''عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عام عورتوں پر اس طرح فضیلت حاصل ہے جس طرح ثرید کو عام کھانوں پر''۔

بلاشبہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا علم وفضل' زہد و ورع' اخلاص وللّٰہیت میں مثالی تھیں۔وہ اسلامی احکام و مسائل سے باخبر' تفسیر قرآن اور احادیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عالمہ خاتون تھیں۔ان کے ذریعے اسلام نے بہت سے مسائل اور تعلیم امت تک پہنچی ان سے مروی احادیث کی تعداد ۲۷ ہزار سے زائد ہے۔ان کے علمی تبحر' اصابت رائے اور علوم اسلامیہ میں صاحبِ کمال ہونے کا اعتراف بہت سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اسلام کے بڑے بڑے اکابر ائمہ اور علماء نے کیا ہے۔پیشِ نگاہ کتاب حضرت مولانا محمد ادریس فاروقی کی نہایت خوبصورت علمی 'قلمی کاوش ہے۔اس کتاب میں حکیم صاحب نے نہایت محبت وعقیدت سے ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے حالات وواقعات اوران کے علمی کارناموں کو اجاگر کیا ہے۔

کتاب سات ابواب پر مشتمل ہے۔باب اول میں نام ونسب' دوسرے باب میں حالات زندگی ولادت تا رحلت نبوی۔باب سوم میں عام حالات، باب چہارم میں اخلاق و عادات، پانچویں باب میں علم وفضل، چھٹے میں فضائل ومناقب' جبکہ ساتواں باب اربعین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پر محیط ہے۔

کتاب اول سے آخر تک دلچسپ معلومات اور واقعات کو اپنے صفحات پر سموئے ہوئے ہے۔اس کتاب میں فاروقی صاحب نے مستند معلومات کی روشنی میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حیات مبارکہ کے گوشے صفحہءِ قرطاس پر مرتسم کیے ہیں۔اپنے موضوع پر یہ ایک جامع کتاب ہے۔دورِ حاضر میں عورتوں کی جو حالتِ زار ہے' ایسے میں یہ کتاب بہنوں' بیٹیوں کے لیے ایک راہنما کتاب ہے۔اس کے مطالعہ اور تناظر میں جھانک کر وہ اسوہ ازواج النبی اور اسلامی تعلیم سے راہنمائی حاصل کر سکتی ہیں۔

فاروقی صاحب نے کی یہ دینی و تصنیفی مساعی قابل قدر ہے۔کتاب خوبصورت شائع کی گئی ہے' اس کا مطالعہ مفید رہے گا۔اسلامی بہنوں کو تحفہ دینے کے لیے یہ کتاب بہت اچھی ہے۔اس کتاب کو شادیوں میں ضرور دیا جائے۔



© rasailojaraid.com